
# عددوں کی چڑھتی اور اترتی ترتیب

۳۶ ، ۲۳ ، ۱۷ ان عددوں کو چڑھتی ترتیب میں کس طرح رکھا جاسکتا ہے یہ دیکھیں گے۔


پہلے (۲۳، ۳۶) (۱۷ ، ۲۳) (۱۷ ، ۳۶) یہ جوڑیاں دیکھیں گے۔

→ ۱۷ ، ۲۳ ، ۳۶


- ۲۳ < ۳۶، ۱۷ < ۲۳ اور ۱۷ < ۳۶
  یعنی ۱۷ سب سے چھوٹا عدد ہے۔
  ۱۷ پر ایک لکیر کھینچتے ہیں اور وہ عدد تختی پر لکھتے ہیں۔




- باقی بچے ہوئے ۲۳ اور ۳۶ ان عددوں میں ۲۳ کا عدد چھوٹا ہے۔اس لیے ۲۳ پر لکیر کھینچتے ہیں اور اسے ۱۷ کے بعد تختی پر لکھتے ہیں۔




- آخر میں بچے ہوئے ۳۶ کے عدد پر لکیر کھینچتے ہیں اور وہ عدد ۲۳ کے بعد تختی پر لکھتے ہیں۔






لو ہوگئی عددوں کی چڑھتی ترتیب ........ !
وہ اس طرح لکھیں گے۔


۱۷ < ۲۳ < ۳۶




اوپر دیے ہوئے طریقے سے نیچے دیے ہوئے تین۔تین عددوں کو چڑھتی ترتیب میں لگاؤ۔

(۱) ۵۴ ، ۱۲ ، ۲۵ (۲) ۳۲ ، ۹ ، ۶۷ (۳) ۳۰ ، ۹۲ ، ۴۴


۴۸ ، ۲۳ ، ۳۶ ان عددوں کی اترتی ترتیب کس طرح لگائی جاسکتی ہے یہ دیکھیں گے۔




- ۳۶ ، ۲۳ اور ۴۸ ان عددوں کو دیکھ کر سب سے بڑا عدد طے کرو۔ سب سے بڑا عدد ۴۸ ہے۔ وہ عدد تختی پر لکھو۔




- اب بچے ہوئے عددوں میں سے بڑا عدد طے کرکے اس عدد پر لکیر کھینچ کر وہ عدد ۴۸ کے بعد تختی پر لکھو۔




- آخر میں بچے ہوئے عدد پر لکیر کھینچ کر وہ عدد تختی پر آخر میں لکھو۔



لو ہوگئی اترتی ترتیب .... ! وہ اس طرح لکھیں گے۔



۴۸ > ۳۶ > ۲۳

نیچے دیے ہوئے عددوں کو چڑھتی اور اترتی ترتیب میں لگاؤ۔

| عدد | چڑھتی ترتیب | اترتی ترتیب |
|---|---|---|
| ۴۷ ، ۱۹ ، ۳۶ | ۱۹ < ۲۶ < ۴۷ | ۴۷ > ۲۶ > ۱۹ |
| ۵۰ ، ۸۵ ، ۶۲ | | |
| ۱۳ ، ۹ ، ۳۲ | | |
| ۶۰ ، ۸۹ ، ۷۶ ، ۴۳ | ۴۳ < ۶۰ < ۷۶ < ۸۹ | ۸۹ > ۷۶ > ۶۰ > ۴۳ |
| ۵۲ ، ۷۵ ، ۹ ، ۱۵ | | |

**برائے اساتذہ :**

اساتذہ عددی کارڈ (ہندسی اور لفظی) تیار کریں۔ طلبہ میں ۳ یا ۴ کارڈ تقسیم کرکے انھیں چڑھتی اور اترتی ترتیب میں لکھنے کے لیے کہیں۔

عددوں کے درمیان کا کوما اگر انگریزی (،) ہو تو ان عددوں کو بائیں سے دائیں پڑھا جائے اور عددوں کے کسی گروہ کے اوپر تیر کا ایسا نشان (→) لگا ہو تب انھیں بائیں سے دائیں پڑھا جائے۔

GBG8P6